**28/06/2026**

**9.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**خبروں کا بلٹن لیکر میں عمر مختار**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج Seychelles کے صدر پیٹرک ہرمنی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔دونوں رہنما دو طرفہ معاملات کا جائزہ لیں گے اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔**

**وزیر اعظم Seychelles کی قومی اسمبلی سے خطاب کرکے بھارتی تارکین وطن کے ارکان سے بات چیت کرنے والے ہیں۔**

**بعد میں وزیر اعظم مودی Roche Caiman میں قومی دن کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔**

**واضح رہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی تین روزہ سرکاری دورے پر کل سیشلز پہنچ گئے۔**

**من کی بات**

**وزیر اعظم نریندر مودی اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام" من کی بات" کے ذریعے آج مختلف موضوعات پر اظہار خیال کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 135ویں قسط ہے ۔**

**پروگرام صبح11بجے سے آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر براڈ کاسٹ کیا جائے گا اور یہ AIR ، DDنیوز ،PMOنیوز اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلز پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا ۔**

**ہندی نشریے کے فوراً بعد من کی بات کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔**

**SANJYلیفٹیننٹ گورنر**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شری امرناتھ جی یاترا دنیا کو ہماری بے لوث خدمت، ہمدردی اور مہمان نوازی کی ثقافت دکھانے کا موقع ہے۔انہوں نے سماج کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ اس پوتر یاترا کے احسن انعقاد کے لئے اپنا رول ادا کریں ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ یاترا سماجی ہم آہنگی کی حقیقی علامت ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے کل سرینگر میں سول سوسائٹی ارکان، تجارتی انجمنوں کے نمائندوں اور مذہبی
رہنماو

---

ں سے ملاقات کر نے کے دوران کیا۔تقریب میں سول سوسائٹی کے اراکین نے یاترا کے کامیاب ٔ انعقاد کے لیے مکمل تعاون کا یقین دلایا ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہا۔

-----LG-----

SKICCلیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ قدیم بھارت نے ایک ایسا ماحول فراہم کیا ہے جہاں اسلام، عیسایت، یہودیت اور دیگر مذاہب کو پھلنے پھولنے کی آزادی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں سال پہلے ہمارے رشیوں اور سنتوں نے کہا تھا کہ سچائی کسی ایک راستے تک محدود نہیں ہے اور اس تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں۔

ایس کے آئی سی سی سرینگر میننیشنل کونسل فار پروموشن آف
ا

---

ردو لنگویج اور اِنٹر فیتھ ہارمونی ±
فاو

---

نڈیشن آف انڈیا کے زیر اہتمام منعقدہ ”بین المذاہب مکالمہ“ پروگرام سے خطاب کر تے ہوئے ٔ ایل جی نے کہا کہ بھارت اور اس کے قدیم فلسفے نے کبھی کسی کو اپنا عقیدہ چھوڑنے کو نہیں کہا۔ بھارت ہمیشہ یہ پیغام دیتا آیا ہے کہ اپنا عقیدہ، روایات ساتھ لائیں اور ہمارے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ زندگی گزاریں۔

پلس پولیو

آج ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے جا رہے ہیں ۔ دو بوندھ زندگی کی اس مہم کے لئے جگہ جگہ پر مراکز قائم

کئے گئے ہیں ۔ محکمہ صحت نے اس حوالے سے تمام انتظامات کو پہلے ہی حتمی شکل دے دی ہے ۔

اس دوران صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموںوکشمیر میں پلس پولیو مہم کے تحت5 سال تک کی عمر کے قریب19لاکھ بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلائے جائیں گے۔

وزیر موصوفہ نے اس سلسلے میں سبھی متعلقہ والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو نزدیکی پولیو مراکز تک پہنچاکر دو بوندھ زندگی کے ضرور پلائیں۔

کمشنر سیکریٹری

قبائلی امورکے کمشنر سیکریٹری پرسنا راماسوامی جی نے سرحدی دیہات کی ہمہ جہت ترقی کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا ۔ کرناہ سب ڈویژن کا تفصیلی دورہ کر کے وائبرنٹ ولیجز پروگرام دوم کے تحت انہوں نےٹیٹوال اور امروہی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ٹنگڈار کے منی سیکریٹریٹ میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ منظور شدہ کاموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

بعد میں کمشنر سیکریٹری نے ٹیٹوال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے عوامی رابطہ کیمپ کی صدارت کی اور مقامی لوگوں ساتھ تفصیلی بات چیت کی۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنرفضل الحسیب نے کارپوریشن کی ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانے اور عوامی خدمات کی فراہمی کو وسعت دینے کی غرض سے اہم بنیادی ڈھانچے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے ایس ایم سی ہیڈکوارٹر میں جاری کونسل ہال پروجیکٹ کا معائنہ کیا ۔ اس دوران انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ تمام کاموں کو منظور شدہ شیڈول کے مطابق مکمل کیا جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22.5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ